© rasailojaraid.com

**واردات زنداں** مصنف وناشر ابو کامران احمد ایم اے بھوپال والا۔ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔

کتابت طباعت گوارا۔ سفید کاغذ۔ صفحات ۱۰۸۔ قیمت ۲/۵۰ روپے۔

یہ کتابچہ دراصل ایک "روداد اسیری" پر مشتمل ہے جس میں ہمارے دوست چودھری نذیر احمد صاحب نے جیل کی زندگی کے بعض پوشیدہ مگر دلچسپ گوشے بے نقاب کیے ہیں۔ موصوف کو جماعت اسلامی پاکستان کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ایک رکن کی حیثیت سے ۶ جنوری ۱۹۶۴ء کو قانون تحفظ امن عامہ کے تحت دو ماہ کے لیے گرفتار کیا گیا تھا مگر بعد ازاں نظر بندی کی میعاد میں بار بار اضافہ کیا جاتا رہا۔ زیر نظر کتابچہ اسی عہد اسیری کے تاثرات کا عکاس ہے شستہ و شگفتہ اردو میں چودھری صاحب کے قلم نے بعض معمولی واقعات سے اچھوتے نتائج اخذ کیے ہیں۔ ہم تحریک اسلامی کے سرگرم کارکنوں سے واردات زنداں کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

---

**توشۂ آخرت حصہ دوم** مؤلف وناشر محمد عبدالحمید صدیقی ایڈووکیٹ۔ خالد بن ولید روڈ کراچی ۲۹۔

کتابت طباعت گوارا۔ سفید کاغذ۔ بڑے سائز کے ۴۱۳ صفحات۔ قیمت ۱۰/- روپے

زیر تبصرہ کتاب بنیادی طور پر قرآن حکیم کا اشاریہ ہے جس میں دنیوی معاملات سے متعلق احکام قرآنی کو یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگرچہ تمام آیات کا استحصار نہیں کیا گیا۔ مرتب کا عزم یہ ہے کہ قرآن پاک کے جملہ مضامین کی تدوین اسی طرح کی جائے گی۔ پہلا حصہ جو احکام عبادات پر مشتمل ہے ــــ اس کی طباعت کی نوبت ابھی نہیں آئی۔

اردو داں طبقہ تک قرآن پاک کی تعلیمات پہنچانے کے لیے محترم مولف نے ہر موضوع کے تحت درج کردہ آیات کا ترجمہ و تفسیر بھی دے دیا ہے۔ ترجمہ و تفسیر کے لیے عموماً تفسیر ماجدی پر انحصار کیا گیا ہے۔

مؤلف نے خدمت دین وملت کے جس جذبہ سے یہ کتاب تالیف کی ہے وہ بہت کچھ قابل قدر ہے۔ جدید علوم سے بہرہ ور مگر قرآن حکیم کی تعلیمات سے نابلد لوگوں کے لیے اس کتاب کا مطالعہ مفید رہے گا۔

---

**عشرہ مبشرہ** تالیف۔ قاضی حبیب الرحمٰن صاحب۔ شائع کردہ مکتبہ نذیریہ البسٹنگین سٹریٹ، اچھرہ، لاہور

زیر تبصرہ کتاب اُن مقدس ہستیوں کے حالات زندگی پر مشتمل ہے جنہیں حضورؐ سرور کائنات کی بارگاہ اقدس میں رہنے کا موقع ملا اور جنہیں حضورؐ نے اُن کی زندگیوں میں جنت کی بشارت دی۔ اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کتاب کے مطالعہ سے ایمان میں تازگی پیدا ہوتی ہے۔ کتاب کے مصنف مشہور عالم دین قاضی محمد سلیمان منصور پوری کے برادر زادہ ہیں۔ مولانا محمد حنیف یزدانی نے اس کتاب کی بڑی محنت سے تصحیح اور تخریج کی ہے۔ مادہ پرستی کے اس دور میں پاکیزہ زندگیوں کے مطالعہ کی اشد ضرورت ہے اور اس میدان میں جتنا بھی کام کیا جائے کم ہے۔

کتاب کی قیمت ساڑھے سات روپے کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

(بقیہ اشارات)

بات کا بھی کوئی علم نہیں کہ جب کوئی جماعت یا قوم کوئی ایسا انقلابی پروگرام لے کر اٹھے جس کا مقصد پوری زندگی کے نقشے کو بدلنا ہو تو مخالف قوتیں لازمی طور پر اس کی راہ میں مزاحم ہوتی ہیں۔ جس طرح طلوع آفتاب کے بعد غروب آفتاب ایک حتمی حقیقت ہے بالکل اسی طرح انقلاب کا راستہ پھولوں کی سیج نہیں بلکہ مزاحمتوں، مخالفتوں اور مخاصمتوں سے پر ایک نہایت ہی دشوار گزار گھاٹی ہے جسے طے کرنے کے بعد ہی کوئی قافلہ کامیابی کی منزل تک پہنچتا ہے۔ مزاحمت کے انداز اور دوائر تو مختلف ہو سکتے ہیں مگر جہاں تک اس انقلابی پروگرام کی راہ میں حائل ہونے کا تعلق ہے اس میں ساری قوتیں ایک دوسرے سے متفق اور متحد ہوتی ہیں اور عملی اشتراک کے بھی کئی ایک راستے نکال لیتی ہیں۔


دینی درسگاہ
رجسٹرڈ
# الکلیۃ الاسلامیہ

الکلیۃ الاسلامیہ میں تفسیر و حدیث اور اردو، فارسی کی تعلیم دی جاتی ہے۔

الکلیۃ الاسلامیہ میں تحریکِ اسلامی کے کارکن تیار کرنے کی طرف خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

الکلیۃ الاسلامیہ میں طلباء کے لیے کتب کے علاوہ طعام و قیام کا بھی انتظام ہے۔

الکلیۃ الاسلامیہ آپ کے بچوں کے لیے بہترین درسگاہ اور صدقات و عطیات کا بہترین مصرف ہے۔

(مولینا) محمد رفیق مجاہد معتمد الکلیۃ الاسلامیہ رحیم یار خاں۔ فون ۲۰۸


© rasailojaraid.com